شجاع شانزے کو دیکھنے لگا اگر آج وہ اس حال میں ہے تو اس کی وجہ میں ہوں۔شجاع نے اداسی سے کہا۔نہیں ایسا کچھ نہیں بہت جلدی ٹھیک ہو جائے گی انفیکٹ اب تو کافی بہتر ہو گئی ہے۔تیمور نے تسلی دی اس نے اثبات میں سر ہلایا۔امی شانزے کیسے ہے۔زوبیہ جو ابھی آئی تھی شانزے کا پوچھنے لگی۔ٹھیک ہے دماغ پہ زور دینے کی وجہ سے بے ہوش ہو گئی۔نعیمہ نے بتایا۔زوبیہ کمرے میں آئی اور شانزے کو دیکھا اس کی آنکھوں سے آنسو گرنے لگے اسے ہنستے کھیلتی شانزے یاد آئی وہ اس کے پاس گئی۔

شانزے میری جان کیا ہوا۔زوبیہ پوچھنے لگی۔پتہ نہیں آپی کیا ہوا۔شانزے کو خود بھی نہ معلوم ہوا اس کے ساتھ کیا ہوا۔اچھا ٹینشن نہیں لینی ٹھیک ہو تم بلکل ٹھیک ہوں۔زوبیہ نے کہتے ساتھ اس کے ماتھے پہ لب رکھے شانزے مسکرائی۔میں نے سنا ہے آپ ماما اور میں خالہ بننے والی ہوں۔شانزے نے خوشی سے پوچھا۔ہاں جی بلکل ٹھیک سنا ہے۔زوبیہ نے بتایا۔تو وہ مسکرا دی۔واؤ کتنا مزا آئے گا چھوٹا کیوٹ سا بے بی ہو گا میں اس کے ساتھ کھیلوں گی مزا آئے گا۔شانزے پر جوش انداز میں بتا یا رہی تھی شجاع پیچھے کھڑا اسے ہی دیکھ رہا تھا اور مسکرا رہا تھا۔ہمم۔زوبیہ نے اثبات میں سر ہلایا۔

Posted On Kitab Nagri

بھوک لگی ہے۔ شانزے نے منہ بنا کر کہا۔ کیا کھائے گی میری جان ذوالفقار نے پوچھا۔ پیزا۔ شانزے خوشی سے بتایا۔ ابھی آرڈر کر دیتے اور کچھ۔ ذوالفقار نے کہا۔ کوک بھی۔ ساتھ شانزے نے ہنستے ہوئے نئی فرمائش کی ذوالفقار صاحب مسکرائے۔ وسیم بھائی آپ کھڑے کیوں ہیں بیٹھ جائے بیٹھنے سے بل نہیں آئے گا۔ شانزے نے کہا تو زوبیہ تیمور اور وسیم تینوں ہنس پڑے۔ شجاع کو شانزے کا وسیم کے ساتھ فرینک ہونا پسند نہ آیا اس لیے جانے لگا۔

ارے شجاع تو کہاں جا رہا ہے ادھر بیٹھ نہ ہم سب کے ساتھ۔ تیمور نے اسے روکا تو وہ اپنا غصہ ضبط کرتا بیٹھا۔ بھائی کل باسکٹ بال کا میچ رکھیں گے۔ شانزے نے بتایا۔ ہم کرکٹ کے پلیئرز ہیں باسکٹ بال کے نہیں کل کرکٹ ہو گی۔ تیمور نے کہا۔ ٹھیک ہے۔ گرلز ورسز بوئز شانزے نے کہا۔ اوکے ڈن۔ تیمور نے بتایا تو شانزے نے اس کے ہاتھ پہ تالی ماری۔

کچھ تو کروں مجھے بچالوں شجاع سے کچھ دیر بعد سنوائی آنے ہے دیکھنا میں پھانسی میں چڑھ جاؤ گی۔ حلیمہ نے غصے سے بتایا۔ اپنے کام ٹھیک رکھنے تھے نا۔ وکیل صرف دل میں ہی کہہ سکی۔ میں نے پوری کوشش کی کچھ نہیں ہو سکا۔ وکیل کہتی چلی گئی۔ شجاع جو باہر جا رہا تھا۔ شجاع سر آپ کہیں جا رہے ہیں۔ شانزے نے اسے جاتا دیکھ کر پوچھا۔ اگر آپ کہیں تو نہیں جاتا۔ شجاع نے مسکراتے ہوئے کہا۔ نہیں نہیں میں تو بس ویسے ہی پوچھ رہی تھی۔ شانزے نا جانے کیوں اس کی آنکھوں میں نہ دیکھ سکی۔ پھر میں جاؤ۔ شجاع نے پیار سے پوچھا۔ جی۔ شانزے نے مسکرا کر اجازت دی وہ چلا گیا۔ کتنے سویٹ ہیں بلکل بھی ایٹی ٹیوڈ نہیں۔ شانزے نے خود سے بولا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

شجاع کورٹ میں آ چکا تھا اور اپنے ساتھ رحمان بابا اور رشید کو بھی لے آیا تھا۔یور آنر میں کچھ گواہوں کو کٹہرے پہ بلانا چاہتی ہوں۔ شجاع کی وکیل نے کہا۔ اجازت ہے۔جج نے اجازت دی۔ تبھی رحمان بابا کٹہرے پہ آئے۔ان کے سامنے قرآن لایا۔ میں قرآن پہ ہاتھ رکھ کر کہتا ہوں جو کہوں گا سچ کہوں گا سچ کے سوا کچھ نہیں کہوں گا۔ رحمان نے بتایا۔ آپ بتانا چاہیں گے کے حیدر کیسے فوت ہوئے۔ انہوں نے پوچھا۔ میں اندر کمرے میں تھا شجاع بیٹے کی آوازیں سن کر باہر آ رہا تھا تبھی میں نے حلیمہ میڈیم کو کسی سے فون پر باتیں کرتے سنا۔(ہاں کلیم میں نے زہر دے دیا ہے وہ شاید مر بھی گیا ہے تم جلدی آؤ۔ حلیمہ نے کہتے ساتھ فون رکھا۔ رحمان بابا پلیز باہر آئے۔ شجاع کی روتی آواز سن کر رحمان بابا باہر کی جانب بڑھے۔)۔انہوں نے بتایا شکریہ۔ وکیل نے کہا تو وہ کٹہرے سے نیچے اتر گئے۔

یور آنر میں ایک اور گواہ رشید کو کٹہرے پہ بلانا چاہوں گی۔اس نے اجازت لی۔اجازت ہے۔جج نے اجازت دی۔ رشید سے بھی قرآن پہ ہاتھ رکھوا کر بلا گیا اور اس نے بولا۔جی رشید آپ بتائیں جس دن شانزے شجاع حیدر گھر سے غائب ہوئی تھی کیا ہوا تھا اس دن۔اس نے پوچھا۔اس نے سارا واقع سنایا۔ بہت شکریہ۔ وہ کہتے ساتھ جج کی جانب مڑی۔۔یور آنر ملزم حلیمہ نے ہی حیدر علی کو مارا ہے اور اپنی بہو کو بھی انہوں نے کیڈنیپ کروایا تھا۔اس نے بتایا۔ تمام ثبوتوں اور گواہوں کے بعد عدالت یہ فیصلہ لیتی ہے کہ حلیمہ مجرم ہے انہیں جلد ہی پھانسی دی جائے۔جج اپنا فیصلہ سناتی چلی گئی اور حلیمہ نے غصے سے شجاع کو دیکھا جس کے چہرے پہ فاتحانہ مسکراہٹ تھی۔

Posted On Kitab Nagri

خیال رکھیے گا اپنا میں ایسا کبھی نہ کرتا مگر کرنے پر مجبور کر دیا آپ نے میری جان میری زندگی شانزے کو تکلیف دی تھی آپ کو منع بھی کیا تھا مگر آپ نے نہیں مانی خیر خدا حافظ دعا تو دے نہیں سکتا کیونکہ آپ نے جانا تو دوزخ میں ہے۔ شجاع ہنستے ہوئے کہتا چلا گیا اور وہ بس غصے سے شجاع کو دیکھ رہی تھی

۔ شجاع گھر آیا تو سب ٹی وی لاؤنج میں بیٹھے تھے ارے شجاع بیٹا آؤ آؤ ہم۔ مووی دیکھ رہے ہیں۔ ذوالفقار نے اسے کہا۔ کون سی۔ شجاع نے پوچھا۔ دل تو پاگل ہے۔ شانزے فوراً بولی۔ یہ کس کی مووی ہے۔ شجاع نے آج تک کوئی مووی نہیں دیکھی تھی۔ ایس آر کے کی۔ اس نے خوشی سے بتایا۔ ایس آر کے مطلب شجاع کو سمجھ نہ آیا۔ شارخ خان کی۔ شانزے نے بتایا تو وہ مسکرایا شانزے مووی دیکھنے لگی جو سین چل رہا تھا وہ کافی فنی تھا شانزے اونچا اونچا ہنسنے لگی شجاع مووی چھوڑ کر اسے دیکھنے لگا شانزے کی یکدم نظر شجاع پہ گئے جو اسے ہی دیکھ رہا شانزے نظریں جھکا گئی پتہ نہیں کیوں وہ اس کی آنکھوں میں نہیں دیکھ سکتی تھی شجاع کی مسکراہٹ مزید گہری ہوئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ سب کرکٹ کھیلنے کے لیے تیار تھے۔ کیپٹن کون ہے۔ تیمور نے پوچھا۔ میں شانزے فوراً بولی۔ اور آپ لوگوں کی ٹیم سے کون ہے۔ شانزے نے پوچھا۔ شجاع۔ تیمور نے بتایا۔ گرکز ٹیم۔ میں زوبیہ ہانیہ شانزے اور ذوالفقار صاحب تھے اور بوائز ٹیم میں شجاع تیمور وسیم اور برہان۔ ٹاس کریں۔ تیمور نے پوچھا۔ ہمم۔ شانزے نے اثبات میں سر ہلایا اشفاق ان کا ڈرائیور امپائر بنا تھا۔ ہیڈ۔ شانزے نے کہا شجاع خاموش رہا۔ اشفاق نے سکہ گھمایا ٹیل آگیا شانزے کا منہ بن گیا۔ کیا کریں گے آپ لوگ۔ شانزے نے پوچھا۔ بیٹنگ۔ تیمور نے کہا تو

Posted On Kitab Nagri

شانزے کا پھر منہ بن گیا۔ نہیں بالنگ۔ شجاع سے شانزے کا پھلا منہ دیکھا نہیں گیا اس لیے فوراً بول پڑا شانزے کھکھلا اٹھی۔

آپننگ کے لیے شانزے اور ہانیہ آئی کیونکہ دونوں نے کالج میں کھیلی ہوئی تھی پہلا اوور شجاع کروا رہا تھا۔ شجاع نے ہلکی بال پھینکی شانزے نے چوکا مارا اور پھر اچھلنے لگی۔ نہیں اچھلنا اب۔ شجاع غصے سے بولا اوکے۔ شانزے فوراً بولی۔ ایک اوور تیرہ رن۔ اب ہانیہ آگے تھی اور تیمور بالنگ کروا رہا تھا۔ شجاع سر۔ شانزے نے اسے بلایا۔ جی۔ شجاع نے پوچھا۔ پلیز اگر میرا کیچ آئے تو نہ پکڑیے گا۔ شانزے بے حد معصوم لگی شجاع مسکرایا۔ چیٹنگ یہ ہمارے پلیئر کو بہلا رہی ہے۔ برہان فوراً بولا شانزے دانتوں تلے لب دیے۔

تم چپ کرو ڈائنوسار۔ شانزے چلائی۔ میں ٹو مینس کر دوں گا۔ اشفاق انکل بولے شانزے منہ بنا کر سائیڈ کھڑی ہو گئی۔ آپ بے فکر ہو جائے میں کیچ نہیں پکڑو گا آپ کا۔ شجاع شانزے کے کان میں بولا شانزے مسکرائی تھینکس۔ خوشی سے کہا۔ تبھی ہانیہ رن کے لیے بھاگی مگر شانزے دیکھ نہ سکی تو ہانیہ آؤٹ ہو گئی۔ شٹ۔ شانزے کو افسوس ہوا۔ ذوالفقار صاحب آئے۔ شانزے سٹرائیک پہ تھی اور بالنگ برہان کروا رہا تھا تبھی شانزے نے بال ہوا میں اڑائی بال شجاع کی جانب آئی۔ شجاع کیچ۔ تیمور چلایا۔ نہیں نہیں پلیز۔ شانزے آنکھیں بند کیے دعا کرنے لگی شجاع اسے دیکھنے میں مگن ہو گیا وہ اسے اس وقت انتہائی معصوم لگی بال نیچے گر گئے۔ کیا کیا شجاع چھکا کروا دیا۔ تیمور نے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

شانزے نے آنکھیں کھولی اور خوش ہوئی۔گرلز نے دس اوور 129 رنز کیے۔اب باری بوائز کی تھی شانزے پہلا اوور کروانے آئی اور شجاع سٹرائیک پہ تھا شانزے نے بال پھینکی شجاع نے ہوا میں اڑائی چھکا شانزے نے دوسری بال کرائی شجاع مارنا تو شوٹ چاہتا مگر نہیں لگی اور شانزے نے کیچ کرلیا ہانیہ اس کے گلے۔لگی۔برہان آیا شانزے نے بال پھینکی اور وکٹ پہ جا لگی۔آوٹ۔شانزے خوشی سے بولی۔دس رنز دو آوٹ بوائز ٹیم کے۔ وسیم آیا اور تیمور تھا وسیم۔سنگل لے کر تیمور کو زیادہ اسٹرائیک دے رہا تھا ان دونوں کی ففٹی کی پارٹنر شپ لگ گئی۔

💖💖

انہیں آوٹ کروا کسی طرح۔شانزے نے کہا۔رک۔ہانیہ نے کہتے ساتھ بال پکڑی سٹرائیک پہ تیمور تھا ہانیہ نے آنکھ ماری تیمور حیرانگی سے اسے دیکھنے لگا اور بال وکٹ پہ جا لگی۔آوٹ۔ہانیہ نے کہا۔یہ چیٹنگ ہے۔تیمور بولا۔کیسی چیٹینگ۔ہانیہ نے پوچھا۔تم نے وہ۔تیمور کہتے کہتے چپ ہوا ہانیہ مسکرائی۔کوئی چیٹنگ نہیں ہوئی ہم جیت گئے۔شانزے بولی۔بوائز از آلا سرز۔شانزے ہانیہ زوبیہ تینوں شروع ہوگئی ہے شجاع ہنسنے لگ گیا۔تجھے غصہ نہیں آیا ہار کر۔تیمور نے پوچھا۔بلکل بھی نہیں دیکھ کتنی خوش لگ رہی اس کی خوشی کے لیے ایسے ہزار میچ ہار جاؤ شجاع نے شانزے کو دیکھتے ہوئے کہا۔تو سچ میں۔مجنوں بن گیا ہے۔تیمور کہتا چلا گیا۔تیری بہن نے ہی بنایا ہے۔شجاع نے ہنستے ہوئے بتایا۔

💖💖

آج ہار کر کیسا لگا ڈائنوسار۔شانزے نے پوچھا۔چپ کرو چڑیل چیٹنگ کی ہے تم نے۔برہان نے بتایا۔رونا نہیں ہے نہیں رونا نہیں۔شانزے نے روتی شکل بنا کر کہا۔نہیں رو رہا میں۔برہان۔بولا۔بس رونا نہیں یہ لو

Posted On Kitab Nagri

ٹشو۔شانزے نے ٹشو باکس پکڑایا۔ شجاع کو حد سے زیادہ غصہ چڑھا مٹھیاں بھینچ کر تا وہ وہاں سے اٹھ کر چلا گیا۔
سب اپنے کمرے میں سو چکے تھے

۔شانزے کو پیاس لگی تو کچن میں آئے۔ تبھی کسی نے اسے کھینچ کر دیوار سے لگایا شانزے گھبرائی۔ک۔کون۔شانزے نے گھبراتے ہوئے ہمت کر کے پوچھا۔ تمہارا شوہر۔ شجاع نے ہنستے ہوئے بتایا ۔ت۔تم یہاں اتنی رات کو۔شانزے پریشان ہوئی۔میں تو ہر وقت تمہارے پاس ہوتا ہوں خیر اسے چھوڑو ایک بات سے منع کرنے آیا تھا برہان سے دور رہو۔ شجاع نے غصے سے کہا۔شانزے کو لگا اگلا سانس نہیں لے سکے گی۔خونی تم مجھے مارنے آئے ہو۔شانزے اونچا چلائی۔ ششش سب جاگ جائے گے ہم ہسبیڈ وائف کی پرائیویسی خراب ہو گی۔ شجاع نے اس کے منہ پہ ہاتھ رکھ کر کہا۔میں بہت جلد تم سے طلاق لے لوں گی۔شانزے فوراً بولی۔

شجاع نے اس کے بالوں کو مٹھی میں لیا۔کبھی ایسا سوچنا بھی مت شجاع تمہیں کبھی نہیں چھوڑو گا ویسے کتنا اتفاق ہے ایک شجاع سے تم اتنی نفرت کرتی ہو دوسری سے اتنی ہی محبت۔ شجاع نے کہا۔مجھے درد ہو رہا ہے۔شانزے نے اپنے آپ چھڑوانا چاہا۔اوہ سوری تکلیف نہیں دینا چاہتا تھا میری جان تمہیں اس برہان سے دور رہنا ہے۔ شجاع فوراً نرم پڑا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

نہیں رہوں گی۔شانزے نے بتایا۔کیا کہا پھر سے کہنا۔شجاع نے غصے سے دیکھا۔نہیں کچھ نہیں۔شانزے فوراً ڈری۔تم کیوں چاہتی ہو میں تم یہ غصہ کروں۔۔شجاع نے پوچھا۔نہیں میں دور رہوں گی۔شانزے نے نظریں نیچے کر کے کہا۔گڈ گرل ایسے ہی باتیں مانا کرو بہت اچھی لگتی ہو بہت جلد اپنے ساتھ اپنے گھر لے جاؤ گا اور ہاں سیڑھیاں بلکل مت چڑھنا۔شجاع نے اسے پیار سے بتایا۔شانزے ساکت کھڑی تھی۔اللہ حافظ۔کہتے ساتھ چلا گیا اور شانزے کی آنکھوں ایک ایک کر کے آنسو گرنے لگا وہ وہی بیٹھ کر رونے لگی۔

شجاع اب جا اور اسے منا۔شجاع کہتے ساتھ کچن۔میں آیا۔شانزے آپ۔شجاع نے پوچھا۔شانزے نے آنسو صاف کیے۔وہ پانی پینے آئی تھی۔شانزے نے چہرہ دوسری جانب موڑ لیا۔آپ رو رہی ہیں۔شجاع نے پوچھا۔نہیں میں کیوں رونے لگی۔آنسو صاف کرتی اس کی جانب مڑی۔آپ کی آنکھیں لال ہیں شانزے آپ روئی ہیں جھوٹ کیوں بول رہی ہیں۔شجاع نے پوچھا۔بس کچھ باتیں نہیں ہوتی سب کو بتانے کی۔شانزے نے بتایا۔آپ کو پتہ جب انسان کوئی بات کسی سے شیئر کرتا ہے تو اس کو اچھا محسوس ہوتا ہے پلیز آپ مجھ سے شیئر کر سکتی ہیں۔شجاع نے کہا۔نہیں ایسی کوئی بات نہیں۔کہتے ساتھ چلی گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شانزے بہت جلد تمہیں سب یاد آجائے گا اور پھر تم یوں نہیں رو گی۔شجاع نے کہا اور وہاں سے چلا گیا۔ شانزے کمرے میں آئے سیدھا باتھ روم گئی اپنے منہ پر پانی کی چھینٹے ماری اور ٹاول سے منہ صاف کر کے بیڈ پہ لیٹ گئے۔ہانیہ ایک بات پوچھو۔شانزے نے کہا۔ہاں پوچھو۔ہانیہ نے بولا۔شجاع سے خوشی سے شادی کی تھی میں نے۔ہانیہ نے پوچھا۔نہیں کیڈنیپ کیا تھا اس نے۔ہانیہ نے اسے بتایا۔اسے کیڈنیپ کرنے کے علاوہ اور آتا

Posted On Kitab Nagri

ہی کیا ہے میں نہیں رہ سکتی ایسے شخص کے ساتھ۔شانزے نے بتایا۔اب موڈ نہ خراب کرواپنا۔ہانیہ نے بتایا۔

نہیں کرر ہی دیکھو بارش ہو گی آج۔شانزے نے آسمان دیکھتے ہوئے بتایا۔تمہیں کیسے پتہ۔ہانیہ نے پوچھا۔

کالے بادل آئے ہوئے ہیں۔شانزے نے کہا ہی تھا کہ اس کے منہ پہ پانی کا قطرہ گرا آہستہ آہستہ بارش ہوتی

اچانک تیز ہوئی

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
whatsapp _ 0335 7500595

شانزے جو تیز بارش ہونے کا ویٹ کر رہی تھی فوراًہانیہ کا ہاتھ پکڑ کے لان۔میں لے گئی۔شجاع اور تیمور پہلے سے بیٹھے تھے شانزے اور ہانیہ بارش میں بھیگنے لگی۔شانزے اور ہانیہ مت نہاؤ بیمار ہو جاؤ گی۔ تیمور نے کہا۔اوہو بھائی یہی مزا ہے دیکھیں کتنا مزہ آرہا ہے۔شانزے گھومتے ہوئ،بولی۔جب بیمار ہو گی تب بھی بہت مزا آئے گا۔ تیمور نے کہا۔تب کی تب دیکھی جائے گی۔شانزے نے کہا تو ہانیہ ہنسنے لگی۔ارے واہ آج تو میری بیٹیاں انجوائے کر رہی ہیں۔ذوالفقار آتے ہوئے کہنے لگے۔ڈیڈ آپ بھی آئے مزا آرہا ہے۔شانزے نے کہا۔نہیں نہیں آپ انجوائے کریں۔ذوالفقار نے بولا۔

💞💞

شانزے کو شرارت سوجھی۔آہہہ۔شانزے چلائی کیا ہوا۔تیمور پریشان ہوتا اس کی۔جانب آنے لگا تبھی ہانیہ نے اسے کھینچ لیا۔الو بنایا بڑا مزا آیا۔شانزے زبان چڑھاتی ہوئی بولی۔ کتنی تیز ہو تم دونوں۔ تیمور کو غصہ آیا۔ شجاع تو بھی آجا۔ تیمور نے کہا۔میں یہی ٹھیک ہوں۔شجاع نے بولا تو سب ہنسنے لگے۔ تبھی برہان آیا۔تمہیں اپنے گھر چین نہیں ہے۔اس دفعہ تیمور نے پوچھا۔نہیں بارش ہو رہی تھی۔۔۔۔تو سوچا اپنے ماموں کے گھر ٹپک جاتا ہوں۔ تیمور نے جملہ مکمل کیا۔شانزے کو شجاع کی بات یاد آئی اس لیے وہ دور ہو گئی اور ایک۔سائیڈ پہ بارش انجوائے کرنے لگے شجاع کی نظریں شانزے پر ہی تھی شجاع کے دل میں بہت سے احساسات اٹھے مگر وہ ترک کرتا بس اسے دیکھنے لگا۔ہانیہ جو باتیں کر رہی تھی شانزے کو دیکھنے لگی۔

💞💞

Posted On Kitab Nagri

شانزے۔ وہ اس کی جانب آئی۔ تم اکیلے انجوائے کر رہی ہو۔ ہانیہ نے پوچھا۔ ہاں نہ کتنا مزہ آرہا ہے۔ شانزے نے بتایا۔ تو ہانیہ ہنسنے لگی۔ تیمور شجاع کو کھینچ آیا۔ پاگل ہے میں گیلا ہو جاؤ گا۔ شجاع واپس جاتا ہوا بولا۔ گیلے تو آپ ویسے ہی ہو گئے ہیں۔ شانزے نے اسے روکا شجاع نے ایک نظر اسے دیکھا جو چھوٹے آنکھیں کیے اسے ہی دیکھ رہی تھی اس کے دیکھنے سے شانزے آنکھیں جھکا گئی۔ شجاع مسکراتے ہوئے تیمور کے پاس چلا گیا۔

💖💖

ڈیڈ سپیکر پہ گانا چلائے۔ شانزے نے بولا۔ بیٹا محلے والے آجائے گے۔ ذوالفقار نے بتایا۔ نہیں آتے پلیز لگا دیں۔ شانزے نے التجا کی تو ذوالفقار نے سونگ چلا دیا۔

موڈ عاشقانہ ہے صبح گھر جانا ہے تو نے کیسا جادو ہے کیا۔

لمحہ یہ سہانہ ہے ٹائم نہیں گوانا ہے جینے کے مزا لے ساتھیا۔

تو کھینچ میری فوٹو تو کھینچ میری فوٹو تو کھینچ میری فوٹو پیاااااااا۔

واہ ڈیڈ نے کیا گانا لگایا۔ شانزے اب تھک کے گھاس پہ بیٹھ گئی تھی ہانیہ بھی ساتھ بیٹھ گئی۔

بے فکر دل ہے آج ہے تیرا مجھ پہ راج

جو کہیں کہنے دے باوراہ یہ سما۔

بھاگی یہاں وہاں یہ زندگی فراری ہے ویسے ہی زندگی ہے جس طرح گزاری ہے۔

موڈ عاشقانہ ہے صبح گھر جانا ہے تو نے کیسا جادو کیا

لمحہ یہ سہانہ ہے ٹائم نہیں گوانا ہے جینے کا مزہ لے ساتھیا۔

Posted On Kitab Nagri

تو کھینچ کھینچ میں میری فوٹو تو کھینچ میری تو کھینچ میری فوٹو پیا۔

تبھی بل بجی شانزے اٹھ کر گئی۔ اتنا شور کیوں ہیں۔ اس عورت نے پوچھا۔ ہمارے گھر شادی ہے۔ شانزے نے فوراً کہا۔ کس کی۔ اس نے پوچھا۔ کیوں تم میری چاچو کی بیٹی لگتی ہوں تمہیں بتاؤ۔ شانزے نے کہا تو سب ہنس دیے۔ توبہ توبہ شرم ہی نہیں۔ کیوں ہم کپڑے اتار کر کھڑے ہیں جو شرم نہیں ہے۔ شانزے نے پوچھا۔ استغفر اللہ۔ عورت کہتی چلی گئی اور سب پیچھے ہنس ہنس کے پاگل ہوئے ہوئے تھے۔ شانزے بھی ہنسی

۔ یہ یونہی ٹھیک رہتی ہیں۔ شانزے کہتے ساتھ ان کی جانب آئی۔ کیا کہنے میری اسٹرونگ بیٹی کے۔ ذوالفقار نے تالیاں بجائی شانزے نے بازو پہ ہاتھ رکھ کر تھپتھپایا۔ اللہ تمہیں ہمیشہ ایسے ہی خوش رکھے۔ نعیمہ نے دعا دی۔ جب تک میری زندگی میں شجاع ہے تب تک میں۔ کبھی خوش نہیں رہ سکتی مگر بہت جلد چھوڑ دوں گی اسے۔ شانزے نے دل۔ میں کہا اور پھر نعیمہ کو دیکھ کر مسکرائی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بارش رک۔ چکی تھی سب اندر آ گئے تھے شجاع فریش ہو کر نیچے آیا۔ بھابی شانزے کہاں ہیں۔ شجاع نے ہانیہ سے پوچھا۔ نہا رہی ہے۔ ہانیہ نے بتایا۔ اوہ۔ کہتے ساتھ بیٹھ گیا۔ شانزے نہا کر باہر آئی بال ٹاولیں قید تھے انہیں آزار کیے پھر ہیئر ڈرائیر نکال کر بالوں کو خشک کرنے لگی شجاع جو وہاں سے گزر رہا تھا اچانک نظر پڑی وہ وہی رک گیا شجاع شانزے کی پشت دیکھنے لگا شانزے جو ہیئر ڈرائیر سے بال سکھا رہی تھی یکدم شجاع کو دیکھ کر

Posted On Kitab Nagri

گھبرائی۔ شجاع سر آپ۔ یہاں۔ شانزے نے پوچھا۔ جی وہ بس گزر رہا تھا۔ شجاع کہتے ساتھ چلا گیا شانزے کو عجیب لگا۔ وہ دوبارہ بال سکھانے لگی۔

وہ ٹی وی لاؤنج میں آئے جہاں سب بیٹھے تھے بلیک جینز وائٹ شرٹ بالوں کو پونی میں قید چہرے بلکل سادہ بہت پیاری لگ رہی تھی شجاع کی نظر اس پہ گئی تو ہٹا نہ سکا۔ ویسے کتنا مزہ آیا ہر روز ہو بارش۔ شانزے نے خوشی سے کہا۔ نہیں بھائی مزہ تو آنٹی کے ساتھ ٹھیک لگا۔ تیمور اور شجاع ہنسے۔ آپ سب ڈرپوک ہو میں شانزے حسن بہت بہادر ہوں۔ شانزے نے خود کی تعریف کی۔ اپنے ہاں میاں مٹھو۔ برہان بولا۔ سب ہنسے۔ نہیں واقع شانزے بہت بہادر ہے۔ شجاع فوراً بولا۔ تھینکس۔ شانزے نے مسکراتے ہوئے۔ یور ویلکم۔ شجاع بھی مسکرایا ۔

کھانا لگ گیا ہے آپ سب آجائے۔ نعیمہ نے بتایا تو سب اٹھ کر ڈائیننگ ایریا کی جانب چل دیے۔ برہان کہاں رہ گیا ہے۔ نیلو فر کب سے اس کا انتظار کر رہی تھی۔ پھوپھو وہ تو ڈیڈ کے گھر ہے ماما کی کال آئی تھی وہ بتا رہی تھی۔ زوبیہ نے بتایا۔ دیکھو ذرا میں نے اسے گوشت لینے کے لیے بھیجا تھا اور وہ وہاں چلا گیا۔ نیلو فر کو غصہ آیا۔ آپ ٹینشن نہ لے ابھی آجائے گا بارش ہو رہی ہو گی اس لیے چلا گیا ہو گا اور آپ تو جانتی ہیں برہان بارش میں ہمارے گھر ہی ہوتا تھا۔ زوبیہ نے بتایا۔ کھانے کو دیر ہو جائے گی۔ نیلو فر نے بولا

Posted On Kitab Nagri

کچھ نہیں ہوتا ہم دونوں مل کر بنا لیں گے۔ زوبیہ نے کہا۔ نہیں بلکل نہیں کسی کام کو ہاتھ نہیں لگانا تم نے۔ نیلوفر نے بتایا۔ پھوپھو کچھ نہیں ہوتا۔ زوبیہ بولی۔ میں نے کہا نہ نہیں تو نہیں بہت ضدی ہو گئی ہو تم۔ کمرے میں جا کر آرام کرو۔ نیلوفر نے کہا تو وہ مسکراتے ہوئے چلی گئی۔

شانزے لان میں ننگے پیر گھاس پہ چل رہی تھی اور کچھ سوچ رہی تھی تبھی شجاع آیا۔ کیا سوچ رہی ہیں۔ اس نے پوچھا۔ کچھ نہیں۔ شانزے فوراً بولی۔ کچھ تو سوچ رہی تھی۔ شجاع نے کہا۔ آپ کو کیسے پتہ لگ جاتا ہے۔ شانزے نے پوچھا۔ بس آپ کے چہرے کے ایکسپریشن سے۔ شجاع نے بتایا۔ آپ کو ننگے پیر گھاس میں چلنا اچھا لگتا ہے۔ شجاع نے پوچھا ہاں بہت۔ شانزے نے بتایا۔ آپ میریڈ ہیں۔ شجاع نے جان کر سوال کیا۔ جی میریڈ ہوں۔ شانزے نے بتایا۔ آپ کے ہسبینڈ کہاں ہیں۔ شجاع نے ایک اور سوال کیا۔ باہر کے ملک گئے ہوئے ہیں اس لیے میں مام ڈیڈ کے پاس رہتی ہوں۔ شانزے نے بتایا۔

میں آپ سے ایک سوال کروں۔ شانزے نے پوچھا۔ جی۔ شجاع اور شانزے دونوں ساتھ ساتھ چل رہے تھے۔ آپ ایسے ہی سادہ طبیعت مالک ہیں۔ اس نے پوچھا۔ پتہ نہیں سب کہتے ہیں۔ میں کافی سادھا انسان ہوں۔ شجاع نے بتایا۔ نہیں تھوڑا سا ایٹیٹیوڈ تو ہونا چاہیے آپ پاکستان کے بیسٹ پلیئرز میں شامل ہوتے ہیں۔ شانزے نے بتایا۔ تو آپ چاہتی ہیں مجھ میں ایٹیٹیوڈ ہو۔ شجاع نے پوچھا۔ جی بلکل کوئی بھی آپ سے ملے اور کہیں شجاع حیدر میں آپ کی بہت بڑی فین ہوں تو آپ جواب دیں۔ او کے او کے۔ کہ کر چلے جائے۔ شانزے نے بھاری آواز میں کہا۔ شجاع ہنسا۔ ارے سچی۔ شانزے مسکراتے ہوئے بولی۔

Posted On Kitab Nagri

آپ شروع سے ہی ایسی خوش اخلاق ہیں۔ شجاع نے پوچھا۔جی میں شروع سے ہی ایسی ہوں میرے ساتھ کوئی بھی رہے گا وہ بور نہیں ہو گا ہانیہ کو ہی دیکھ لو تیمور بھائی سے زیادہ میرے ساتھ ٹائم گزارتی ہے۔شانزے نے بتایا۔جی میں بھی بور ہو رہا تھا سوچا آپ سے باتیں کرلوں۔ شجاع نے کہا۔ آپ میریڈ ہیں۔شانزے نے پوچھا۔جی۔ شجاع نے بتایا۔ آپ کی وائف کا کیا نام ہے۔اس نے ایک اور سوال کیا۔شانزے شجاع نے بتایا ۔واقع۔شانزے حیران ہوئی۔واقع میری وائف کا نام شانزے ہے۔ شجاع نے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔پیار کرتے ہیں اس سے۔شانزے نے سوالیہ نظروں سے دیکھا۔جی بہت وہ سب کچھ ہے میرے لیے۔ شجاع نے دل سے بولا۔

وہ کتنی خوش نصیب ہے اس کو آپ جیسا پیار کرنے والا ہسبینڈ ملا۔شانزے نے بتایا۔کیوں آپ خوش نصیب نہیں ہے۔ شجاع نے پوچھا۔میں ہوں مگر میں اپنے شوہر کے لیے شاید سب کچھ نہیں ہوں بہت تکلیف دی ہے اس نے مجھے۔شانزے نے افسوس سے بتایا۔پھر آپ نے نکاح کیوں کیا۔ شجاع نے پوچھا۔پتہ نہیں۔شانزے کہتی اندر چلی گئی اور شجاع اسے دیکھتا رہ گیا۔کہاں تھی تم کب سے ویٹ کر رہی ہوں۔ہانیہ نے کہا۔باہر تھی تم بتاؤ تم کیوں ویٹ کر رہی تھی میرا۔شانزے نے پوچھا۔بس ویسے ہی باتیں کرنے کا دل کیا۔ہانیہ نے بتایا۔اچھا چلو پھر کمرے میں چل کر کرتے ہیں۔شانزے نے بتایا تو وہ مسکراتے ہوئے چلی گئی۔

شانزے میری جان میری بات دھیان سے سنو اب ذوالفقار نے کہا۔جی ڈیڈ بولیں۔شانزے نے بولا۔بیٹا دیکھو شجاع تمہارا شوہر ہے اور تم۔سے بہت پیار کرتا ہے پلیز صرف ایک دفعہ تحمل سے اس کی بات سن۔لو ہو سکتا

Posted On Kitab Nagri

ہے وہ تمہیں نقصان نہ پہنچانا چاہتا ہو۔ذوالفقار صاحب نے بتایا۔ڈیڈ لیکن اس نے مجھ پر گولی چلائی ہے یعنی وہ مجھے مارنا چاہتا تھا۔شانزے نے کہا۔شانزے ایک بات کو سر پر سوار مت کرو میری جان سمجھو میری بات کل تم اس سے ملنے جا رہی ہو بات ختم۔ذوالفقار کہتے چلے گئے۔

سنو تم کل جاؤ گی صبح شانزے کے گھر اور شجاع کے خلاف کروں گی کسی بھی حالت میں مجھے شانزے چاہیے ایک دفعہ میرے کہنے پہ یہ کام کرو دیکھنا تمہیں دگنے پیسے دوں گا۔فرخ کسی لڑکی سے فون پر بات کر رہا تھا۔ٹھیک ہے میں کرنے کے لیے تیار ہوں مگر جتنے پیسے میں مانگوں گی۔دینے پڑیں گے۔اس لڑکی نے بولا۔ہمم ٹھیک ہے بس کسی طرح شانزے میری ہو۔فرخ نے کہتے ساتھ فون کاٹا۔شجاع حیدر اپنے بے عزتی کا بدلہ تو لوں گا تو کیا سمجھا میں ڈر گیا۔فرخ نے کہتے ساتھ ایک قہقہہ لگایا۔

شانزے تم تیار ہو چلیں۔ہانیہ نے پوچھا۔ہانیہ مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے۔شانزے نے بتایا۔کچھ نہیں ہو گا اور تم تو کسی سے نہیں ڈرتی پھر کیوں ڈر رہی ہو ہاں بولو۔ہانیہ نے بتایا۔تو وہ مسکرائی۔شانزے نے وائٹ کلر کا ڈریس پہنا جو اس دن۔لائی تھی بالوں کو کھولا ہوا بلکل لائٹ سا بلش شون اور ہونٹوں پہ لپ بام جو اس کے سراپے کو خوبصورت بنا رہا تھا۔شجاع صبح ہی اپنے گھر آ گیا تھا بلیو شرٹ جینز پینٹ میں بالوں کا جل سے سٹ کیے لائٹ لائٹ بیئر اور آنکھوں پہ بلیک گاگلز جو اسے اور دلکش بنا رہی تھی۔وہ شانزے سے ملنے کے لیے پر جوش تھا اس نے ایک لاکٹ بھی اس کے لیے خریدا تھا جس میں وائٹ نگوں سے ایس۔ایس لکھا تھا اس نے ایک نظر اسے دیکھا اور ڈبی بند کر کے نیچے آیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آج بہت خوش لگ رہے ہو۔ رحمان بابا نے کہا۔ آج بہت خوشی کا دن ہے۔ شجاع نے مسکراتے ہوئے بتایا۔ اچھا ایسا کیا ہے۔ انہوں نے پوچھا۔ یوں سمجھے میری زندگی واپس آرہی ہے۔ مسکراتا ہوا کہتا ٹی وی لاؤنج کراس کرتا گراج میں آیا اقبال گاڑی نکالو۔ شجاع نے آرڈر دیا تو اس نے اثبات میں سر ہلا کر گاڑی نکالی۔

شجاع سر کہاں ہیں۔ شجاع کو نہ پا کر پوچھنے لگی۔ کام سے گئے ہیں آجائیں گے۔ تیمور نے بتایا۔ اچھا۔ شانزے کہتی بیٹھی۔ شانزے بیٹا جاؤ ٹائم یہی دیا ہے میں نے شجاع کو۔ ذوالفقار نے بتایا۔ ڈیڈ پلیز نہ بھیجے۔ شانزے نے بولا۔ آپ تو سٹرونگ ہے تو پھر کیوں ڈر رہی ہے جائے اور پھر جلدی آئے۔ ذوالفقار نے پیار سے اس کا چہرہ تھپتھپاتے ہوئے اسے سمجھایا۔

شانزے اور رہانیہ جانے کے لیے گیٹ کھول رہی تھی تبھی کوئی لڑکی اندر داخل ہوئی۔ تم ہو اس شجاع کی بیوی۔ اس لڑکی نے شانزے سے پوچھا۔ ہاں میں ہوں۔ شانزے کو وہ لڑکی عجیب لگی۔ تم کون ہوں۔ شانزے نے پوچھا میں کون ہوں میں تمہارے شوہر کی پہلی بیوی اس نے مجھ سے شادی کی پھر میرا سارا پیسہ لوٹا اور پھر مجھے گولی مار کر بھاگ گیا۔ اس نے روتے ہوئے بتایا۔ اوہ بہن نام کیا ہے تمہارا اس بار رہانیہ نے پوچھا۔ ماہا۔ اس نے بتایا۔ دیکھا میں۔ نے پہلے ہی کہا تھا وہ شخص ہے ہی دھوکے باز مجھے یقین نہیں آرہا اس حد تک گر سکتا ہے وہ میں نہیں جا رہی اس سے ملنے۔ شانزے کہتی دوبارہ اندر کی جانب بڑھی۔

Posted On Kitab Nagri

کیا ہوا شانزے۔ ذوالفقار نے پوچھا۔ جائے جا کر دیکھے باہر میرے شوہر کی سابقہ بیوی آئی ہوئی ہے میں کہتی رہی ڈیڈ وہ شخص مکار جھوٹا دھوکے باز مگر کسی نے میری نہیں مانی۔ شانزے کا غصے سے برا حال ہو رہا تھا۔ شجاع جو کب سے شانزے کا ویٹ کر رہا تھا تیمور کا نمبر ملایا۔ شجاع کا فون ہے۔ تیمور نے بتایا شانزے نے فوراً تیمور کے ہاتھ سے لیا۔ آئندہ ادھر فون مت کرو کیونکہ سب گھر والوں کے سامنے تمہاری اصلیت کھل چکی ہے ایک لڑکی کے سے ساتھ پہلے بھی وہ سب کر چکے ہو نہ جو میرے ساتھ کیا ہے شانزے حسن کو اب کبھی اپنی شکل بھی مت دیکھانا آئی ہیٹ یو شجاع آئی ہیٹ یو۔ شانزے چلائی تیمور ہانیہ ذوالفقار سب پریشان ہو گئے اسے اتنا غصے میں دیکھ کر

۔شانزے میری بات تو سنو۔ شجاع نے بولا۔ نہیں سننی تم نے ختم کر دیا شانزے کو تم تو میری نفرت کے قابل بھی نہیں ہو اب دوبارہ فون مت کرنا مجھے۔ شانزے نے کہتے ساتھ فون زمین پہ دے پھینکا۔ شانزے ریلیکس اتنا ہائیپر کیوں ہو رہی ہو۔ تیمور نے اسے ریلیکس کرنا چاہا ابھی بھی میں ریلیکس ہوں اپ مجھے آگ میں پھینکنا چاہتے تھے آپ سب نے میرا یقین نہیں کیا۔ شانزے رونے لگی۔

لڑکی ہم کیسے مان لیں تم سچ بول رہی ہو۔ مایا جو کھڑی تھی ذوالفقار نے پوچھا۔ آپ کو ابھی بھی اس شخص پہ یقین ہے۔ شانزے حیران نظروں سے اپنے باپ کو دیکھ رہی تھی جو صرف شانزے کی بات پہ یقین کرتے تھے آج وہ کسی اور شخص پہ اندھا بھروسہ کر رہے تھے۔ ہاں کیونکہ میں جانتا ہوں شجاع کی زندگی میں نہ تم سے پہلے کوئی نہ تمہارے بعد۔ ذوالفقار صاحب بھی غصہ ہوئے۔ شانزے روتے ہوئے کمرے کی طرف بڑھ گئی۔ ہانیہ دیکھو

Posted On Kitab Nagri

جا کر۔ تیمور نے کہا تو ہانیہ پیچھے گئی۔ شانزے دروازہ کھولو پلیز دروازہ کھولو۔ ہانیہ دروازے پہ دستک دے رہی تھی مگر شانزے نہیں کھول رہی تھی۔

تیمور شانزے دروازہ نہیں کھول رہی کہیں وہ غصے میں اپنے ساتھ کچھ کر نہ بیٹھے آپ دروازہ توڑ دیں۔ ہانیہ نے کہا تو تیمور نے بازو سے دروازہ توڑنا چاہا جو تین چار بار وزن دینے سے کھلا تھا شانزے کھڑکی کے پاس کھڑی رو رہی تھی۔ وعدہ اب ہم تمہیں شجاع سے ملنے کا نہیں کہیں گے یوں اداس نہیں ہونا۔ تیمور نے گلے لگایا۔ پکا۔ شانزے نے پوچھا پکا۔ تیمور نے کہا تو وہ مسکرا دی۔ شجاع جو پریشان تھا اب حلیہ بدل کر سیدھا گھر آیا۔

کیا ہوا آپ سب شانزے کے کمرے میں کیوں ہیں۔ شجاع کمرے میں آتا پوچھنے لگا۔ بس کچھ نہیں شانزے کسی چیز سے ڈر گئی تھی۔ تیمور نے بتایا۔ شجاع اور تیمور کمرے سے باہر آئے یہ توماہا ہے۔ شجاع نے اسے دیکھتے ہی پہچان لیا تھا۔ تو جانتا ہے۔ تیمور نے پوچھا۔ ہاں یہ فرخ کے کزن ہے۔ شجاع نے بتایا۔ اس کی وجہ سے تو سارا فساد مچا اس نے کہا یہ تیری پہلے بیوی ہے اور تو نے اس کو دھوکہ دیا۔ تیمور نے بتایا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یار میں نے تو کوئی شادی نہیں کی ہوئی اس سے میں کب سے شانزے کا ویٹ کر رہا تھا اور وہ آئے ہی نہیں ۔ شجاع نے کہا۔ تم جاؤ یہاں سے۔ تیمور نے ماہا سے کہا تو وہ چپ چاپ چلی گئی اصل کام تو کر گئے تھے۔ بیٹا اب تو بھول جا شانزے تیرے پاس آئے گی۔ تیمور نے بتایا۔ یار اس فرخ کی شانزے کو کیسے یقین دلاو بہت پیار کرتا ہو۔ شجاع نے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

کتنا پیار کرتے ہیں آپ مجھ سے شجاع سر۔ شانزے نے شجاع سر کھینچا شجاع اور تیمور مڑے۔ شانزے اس کی جانب تیزی سے قدم بڑھاتی آئی اور اس کی نقلی داڑھی اتاری۔ شجاع حیران کھڑا اسے دیکھ رہا تھا۔ نہیں ہو سکے کامیاب تم شجاع۔ شانزے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولی۔ شانزے۔ شجاع نے نام۔ لیا ہی تھا شانزے

Posted On Kitab Nagri

نے ایک زوردار تھپڑ شجاع کے منہ پہ دے مارا۔ اپنی گندی زبان سے میرا نام مت لو۔ شانزے نے غصے سے کہا۔

تمہیں اور آتا ہی کیا ہے جھوٹ بولنے اور دھوکہ دینے کے علاوہ میرے دل میں بہت عزت تھی تمہاری مگر آج یہ جھوٹ بول کر تم نے وہ عزت دو کوڑھی کی کر دی شانزے شجاع حیدر کے لیے اپنے کزنز اپنے دوستوں سے لڑتی تھی مجھے کیا پتہ تھا تم ہی وہ گھٹیا شخص جس سے میں اس دنیا میں سب سے زیادہ نفرت کرتی ہوں اور ایک شخص جس کی میں حد سے زیادہ عزت کرتی تھی وہ شخص ایک ہی تھا مجھے دھوکے میں رکھا تم نے۔ شانزے کی آنکھیں لال ہو چکی تھی۔ اور کتنی تکلیف دو گے تم۔ مجھے پہلے گولی ماری پھر ہر دن میرے سامنے آکر کھڑے ہو جاتے پھر دھوکے کیا چاہتے کیا ہو مر جائے شانزے حسن سب کہتے ہیں۔ میری میموری چلی گئی ہے ٹھیک ہے مانا میری میموری چلی گئی مگر تم میری نظر میں جو تھے تم نے وہ بن کر دکھایا اب تم بھول جاؤ شانزے حسن تمہارے ساتھ نہیں رہے گی کل ہی طلاق لوں گی۔ شانزے نے کہا۔

ششششششش طلاق کا نام نہیں لوں گی تم۔ شجاع دھاڑا۔ لوں گی بہت جلد الگ ہو جاؤ گی میں۔ شانزے کہتے ساتھ اوپر چلی گئی۔ شجاع۔ تیمور بولا۔ میں خود سنبھالوں گا۔ شجاع کہتے ساتھ اوپر گیا۔ اور شانزے جو وارڈروب سے کپڑے نکال رہی تھی شجاع نے پیچھے سے آکر اسے اپنے حصار میں لیا۔ دور ہٹو مجھ سے۔ شانزے فوراً خود سے الگ کیا۔ شجاع نے شانزے کو پکڑ وارڈروب سے لگایا۔ مجھ سے دور رہو۔ شانزے بلکل نہیں ڈر رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

ایک دفعہ میری بات سن لو پھر سچ میں شکل نہیں دیکھاؤں گا۔ شانزے خاموش رہی۔ یہ ریپورٹس اس میں تم۔ میرے بچے کی ماں بننے والی ہو۔ شجاع نے جیب سے ریپورٹس نکال کر دیکھائی شانزے نے فوراً کھینچی اور پھٹی پھٹی آنکھوں سے اسے دیکھنے لگی دو موتی ٹوٹ کر اس کے رخسار پہ گرے۔ میری آنکھوں میں دیکھو کہیں بھی نفرت دیکھ رہی ہے صرف محبت ہے صرف محبت تمہارے لیے تم زندگی ہو میری میری جان ہو میں تمہیں تکلیف دینے کا سوچ بھی نہیں۔ شجاع کی آنکھیں شجاع کا ساتھ دے رہی تھی۔ بتاؤ۔ شجاع نے پوچھا۔ شانزے نے نفی میں سر ہلایا۔

بس ایک دفعہ میرے کہنے پہ اپنے ڈیڈ کے ساتھ میرے گھر آجاؤں میں یقین سے کہتا ہوں تمہیں سب یاد آجائے گا۔ شجاع نے التجائی انداز میں کہا۔ شانزے اسٹل کھڑی تھی۔ آؤ گی نا شجاع کو امید دیکھی ۔نہیں۔ شانزے فوراً بولی۔ پلیز آجانا ہاتھ جوڑتا ہوں شجاع حیدر آج تک کبھی کسی کے سامنے نہیں جھکا اپنے پیار کے سامنے جھکتا ہے پلیز کل آجانا۔ شجاع نے منت بھرے انداز میں کہا۔ ٹھیک ہے۔ شانزے نے کہا۔ لیکن ایک شرط ہے۔ شانزے نے بتایا۔ کیا۔ شجاع نے پوچھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگر اس کے بعد بھی مجھے کچھ یاد نہ آیا تو تم مجھے کبھی اپنی شکل نہیں دیکھاؤں گے اور میں اس بچے کو اکیلے پال لوں گی۔ شانزے نے شرط بتائی۔ منظور ہے بس ایک دفعہ کل آجانا میں انتظار کروں گا۔ شجاع کہتا چلا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

کیا بنا۔ تیمور نے پوچھا۔مان گئی ہے کل آئے گی۔ شجاع نے مسکراتے ہوئے بتایا۔ایسا کیا کیا تو نے۔ تیمور حیران ہوا۔ شکر کر مان گئی ہے۔ شجاع نے کہا تو تیمور ہنسا۔ میں نے کیوں مانی ناجانے کیوں مجھے اس کی آنکھوں میں سچائی دیکھی ویسے بھی اگر مجھے کل یاف نہ آیا تو شجاع کبھی نہیں آئے گا میرے سامنے اس سے بڑی بات کیا ہو گی۔ وہ کہتے ساتھ باتھ روم میں گئی۔

ٹھیک ہے اب میں چلتا ہوں پھر ملاقات ہوتی ہے۔ شجاع کہتا جانے لگا۔ مسکراہٹ دیکھو جناب کی۔ تیمور نے کہا تو شجاع کی مسکراہٹ گہری۔ تھینکیو سوچ یار تو نے مجھ پہ بہت ٹرسٹ کیا ہے تو نے ثابت کر دیا ہے تو پکا دوست ہے میرا۔ شجاع تیمور کے گلے لگا۔ اب زیادہ مکھن نہ لگا۔ تیمور نے بولا تو شجاع ہنسا۔ عزت راز نہیں ہے۔ شجاع نے بھی کہا۔ ایک بات میں پورے یقین سے کہ سکتا ہوں تجھ سے زیادہ پیار شانزے سے کوئی نہیں کر سکتا ہے۔ تیمور نے بتایا۔ بلکل۔ شجاع نے بولا۔

شانزے اوپر کھڑی سب سن رہی تھی۔ کیا واقع اتنی محبت کرتا ہے اگر کرتا ہے تو وہ گولی پھر مجھے کیوں ماری کیا سب ٹھیک تو نہیں کہ رہے شجاع نے وہ گولی نہ ماری ہو مگر مجھے یاد ہے اچھے سے یاد ہے۔شانزے فوراً نفی میں سر ہلانے لگی۔ شجاع گھر آیا اور کمرے میں گیا لاکٹ جو لایا تھا اسے دھیان سے دراز میں رکھا۔ فرخ کو فون ملایا۔ فرخ اپنی سکرین پہ شجاع کا نام دیکھتا پریشان ہوا۔ اس نے فون بند کر دیا۔

Posted On Kitab Nagri

اقبال فرخ کے گھر جاؤ اور اسے ایک دو مکے تو مار کر آؤ۔ شجاع نے اقبال کو حکم دیا۔ شجاع سر مگر۔ اقبال کچھ کہتا اس سے پہلے ہی شجاع نے اسے گھورا۔ سر یہ کام تو آپ کرتے ہیں اقبال نے کہا۔ ہاں مگر موڈ نہیں میرا تم مار آؤ وہ آرام سے نہیں بیٹھے گا اور کہنا شجاع حیدر کہ رہا تھا کال اٹھاؤ ورنہ اگلی دفعہ شجاع خود آئے گا۔ شجاع نے بتایا وہ اثبات میں سر ہلاتا چلا گیا۔

❤❤❤

شانزے آپ تیار ہو گئی ہیں۔ ذوالفقار نے پوچھا۔ اس نے اثبات میں سر ہلایا۔ پھر چلیں۔ انہوں نے کہا۔ جی۔ شانزے بس اس وجہ سے جانے کے لیے تیار ہوئی تھی آج کے بعد کبھی شجاع اس کے سامنے نہیں آئے وہ پورے راستے گاڑی سے باہر دیکھتی سوچ رہی رہی تبھی گاڑی ایک بنگلے کے باہر رکی۔ شانزے ہم پہنچ گئے ہیں۔ ذوالفقار نے بتایا۔ تو وہ گاڑی سے اتری۔ شانزے نے اس بنگلے کو دیکھا یقیناً وہ یہاں پہلے آ گئی تھی اسے ہلکا سا یاد آیا۔ آپ یہاں پہلے آ چکی ہیں۔ ذوالفقار نے اسے اس بنگلے کو گھورتے پایا تو بتایا۔ جانتی ہوں شوہر کا جو گھر ہے۔ شانزے نے بتایا۔ چلو اندر چلیں۔ وہ ان کے پیچھے پیچھے اندر آئے

❤❤❤

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس نے ایک نظر پورے ٹی وی لاؤنج پہ گھمائی پھر سیڑھیاں کو دیکھا۔ شانزے۔۔۔۔ شجاع۔۔۔۔

حلیمہ۔۔۔۔ تم یہاں کیوں آئے ہو۔۔۔۔۔۔۔ رحمان بابا۔۔۔۔ شانزے کو دماغ پہ ایکدم۔ چار پانچ آوازیں اکٹھے آئی شانزے نے آنکھیں بند کر لے۔ اسے بار بار وہ آوازیں آ رہی تھی۔

❤❤

Posted On Kitab Nagri

آپ لوگ بیٹھیں میں شجاع بیٹے کو بلا کر لاتا ہوں۔ شانزے کو آواز جانی پہچانی لگی شانزے نے آنکھیں کھول کر دیکھا تو رحمان بابا سامنے کھڑے تھے۔ اسلام و علیکم۔ ناچاہتے ہوئے بھی سلام کر لیا۔ و علیکم اسلام۔ رحمان بابا نے جواب دیا اور سیڑھیاں چڑھتے اوپر کی جانب آئے۔ بیٹا شانزے بیٹی اور ان کے والد آئے ہیں۔ انہوں نے بتایا۔ شجاع فوراً بیڈ سے اٹھا اور بال ٹھیک کرتا نیچے آیا جہاں شانزے کھڑی اور ذوالفقار صاحب بیٹھے تھے۔

اسلام و علیکم۔ شجاع نے سلام کیا شانزے اسے نظر انداز کر دیکھنے لگی وہ آہستہ آہستہ سیڑھیاں چڑھتی اوپر آئے اور اس کمرے نیں گئی جس کمرے سے ابھی شجاع نکلا تھا شجاع بھی پیچھا گیا شانزے کمرے کو گھور کر دیکھنے لگی جہاں سامنے دیوار پہ اس کی اور شجاع کی ریسیپشن پکچر لگی ہوئی شانزے اشتیاق سے دیکھنے لگی۔ شانزے نے آنکھیں بند کی شانزے کو دھندلا دھندلا سب یاد آرہا تھا مگر اسے سمجھ نہیں آرہی تھی۔ میرے قریب بھی مت آنا۔ شانزے کو ہلکی ہلکی آوازیں آنے لگی۔ شجاع تجھے بھول جائے گا۔

شانزے سر پکڑ کر زور دینے لگی اسے وقت وہ زمین پہ گر گئی۔ شجاع پریشان ہوا۔ ڈاکٹر کیا ہوا ہے شانزے کو۔ شجاع نے پوچھا۔ میرے خیال سے انہیں آہستہ آہستہ سب یاد آرہا تھا جس کی وجہ سے یہ بے ہوش ہو گئی۔ ڈاکٹر نے بتایا۔ اسے ہوش کتنی دیر تک آئے گا۔ اس دفعہ ذوالفقار نے پوچھا۔ آجائے گا کچھ دیر میں۔ ڈاکٹر کہتا اپنا بریف کیس بند کرتا جانے لگا۔ شجاع شوٹ شجاع آئی سے شوٹ میں تمہاری شانزے ہوں مجھے کچھ نہیں ہو گا ۔ شجاع۔ شانزے فوراً اٹھ بیٹھی۔ ڈیڈ شجاع کہاں ہیں۔ شانزے گھبراتے ہوئے پوچھنے لگی۔ بیٹا وہ۔ ذوالفقار نے کچھ بولنا چاہا تبھی شجاع آیا۔ ڈیڈ بتائیں کہاں ہیں وہ۔ شانزے پھر چلائی۔

Posted On Kitab Nagri

میں یہاں ہوں شجاع فوراً شانزے نے چہرہ اس کی جانب موڑا اور فوراً بیڈ سے اتری۔ تم ٹھیک ہو تمہیں کچھ ہوا تو نہیں وہ گولی۔ شانزے بولتے بولتے رکی۔ شانزے میں بلکل ٹھیک ہوں مجھے کوئی گولی نہیں لگی۔ شجاع نے اس کا چہرہ پہ دونوں ہاتھ رکھے شانزے کی آنکھوں میں نمی تیرنے لگی۔

مجھے سب یاد آگیا ہے تم نے مجھے گولی نہیں ماری تھی تم گولی مار ہی نہیں سکتے مجھے پتہ نہیں مجھے کیا ہو گیا تھا میں کیوں تم پہ شک کر رہی تھی۔ شانزے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بول رہی تھی ذوالفقار صاحب مسکرائے۔ میں جانتا ہوں وہ جو حلیمہ ہے اس نے تمہارا سر دیوار پہ دے مارا تھا جس کی وجہ سے تم اپنی میموری کھو بیٹھی اس لیے تمہیں ہلکا پھلکا یاد تھا۔ شجاع نے اسے پیار سے سمجھایا۔ شانزے نے اثبات میں سر ہلایا۔ تم دونوں آپس میں ٹائم گزاروں میں گھر جا رہا ہوں اور سب کو خوشخبری دیتا ہوں۔ ذوالفقار صاحب نے کہا شجاع مسکرایا۔ اپنا خیال رکھنا۔ شانزے کو کہتے چلے گئے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شانزے جو بیڈ پہ لیٹی تھی اور شجاع اس کے پاس بیٹھا تھا۔ ایم سوری میں نے بہت ہرٹ کیا ہو گا۔ شانزے نے پوچھا۔ تکلیف تو بہت ہوئی تھی تمہارے دور جانے سے مگر پھر میرے ساتھ کچھ برا تو ہونا تھا میں نے تمہارے ساتھ جو غلط کیا تھا۔ شجاع نے افسردگی سے کہا۔ خبردار جو ایسا کچھ کہا مانا تم نے زبردستی نکاح کیا تھا مگر خوش بھی

Posted On Kitab Nagri

اتنا ہی رکھا تھا یہ بات آئی کیسے تمہارے زہن شانزے غصے سے بولی۔ تمہارے غصے کو بہت مس کیا۔ شجاع نے ہنستے ہوئے بتایا۔شانزے بھی مسکرائی۔

شجاع ہمارا بے بی۔ شانزے افسردہ سی بولی۔بے بی بلکل ٹھیک ہے۔ شجاع نے بتایا۔ مطلب بے بی کو کچھ بھی نہیں ہوا۔شانزے نے حیرانگی سے پوچھا۔ہاں جی کچھ بھی نہیں ہوا ہمارا بے بی بلکل ٹھیک ہے۔ شجاع نے بتایا ۔شانزے مسکرائی

۔ مگر تم نے مجھے دھوکے بہت دیے ہیں اور وہ ماہا کون ہے۔شانزے نے پوچھا۔ پہلی بیوی۔ شجاع نے تنگ کرنا چاہا۔سچ میں وہ تمہاری پہلی بیوی ہے۔شانزے کو یقین نہ آیا۔ تو کیا مذاق میں پہلی بیوی ہے۔ شجاع سنجیدہ ہوا۔ جاؤ میں بات ہی نہیں کرتی مجھے تم سے بات ہی نہیں کرنی۔شانزے منہ ادھر پھیر گئی مذاق کر رہا ہوں یار کوئی پہلی بیوی نہیں ہے میری وہ فرخ کی کزن تھی اور ویسے بھی تم تو میری پہلی نظر کی محبت ہو۔ شجاع نے مسکراتے ہوئے شانزے مسکرائی۔

اچھا ایک بات بتاؤ۔ شانزے نے پوچھا۔ہاں پوچھو۔ شجاع نے کہا۔ میرے بغیر نیند آ گئی تھی یا کسی چڑیل کو گھر لے آیا کرتے تھے۔شانزے بلکل ٹیپیکل بیویوں کی طرح بی ہیو کر رہی تھی۔ ایسا سمجھا ہوا کیا تم نے مجھے اگر ایسا ہوتا تو اتنے پاپڑ نہ بیلنے پڑتے تمہارے لیے۔ شجاع نے بتایا۔کون سے پاپڑ بیلے ہیں چنوں منوں یا مزے کا چکر۔شانزے نے بولا تو شجاع کا قہقہہ چھوٹا۔ تم نہیں بدلی شانزے۔ شجاع نے ہنستے ہوئے بولا۔ تو کیا بدلنا چاہیے

Posted On Kitab Nagri

تھاشانزے نے آ ئبرواچکا کر دیکھا۔ بلکل بھی نہیں مجھے تو یہی شرارتی سی شانزے پسند ہے۔شجاع نے اس کی گال دبائی۔

اور بھی کچھ پوچھنا ہے۔میری بات کا جواب نہیں دیا۔شانزے نے بتایا۔ بلکل بھی نہیں آتی پہلی تین راتیں سویا نہیں پھر دوراتیں تمہاراڈوپٹہ کو گلے لگا کر سوتا تھا پھر تمہارے گھر آ گیا تھا۔ شجاع نے بتایا۔اور شانزے کو اس پہ ڈھیر سارا پیار آیا۔ شجاع میری خواہش ہے جو کبھی پوری نہیں ہوئی کب سے میرے دل یہ آرزو ہے۔شانزے نے بتایا۔ کیا۔ شجاع نے پوچھا۔ پھر مجھے لے کر جانا ہو گا۔شانزے کہا۔شانزے چپ چاپ سو جاؤ ہم کسی باہر کے۔ملک نہیں جارہے۔ شجاع نے منع کیا۔

نہیں یہ فرمائش نہیں ہے معصوم سی فرمائش ہے۔شانزے معصوم شکل بناتے ہوئے بولی۔ کیاہے۔ شجاع نے پوچھی۔میری دلی خواہش ہے کہ میں تمہارے ساتھ ڈیٹ پہ جاؤمیں کبھی بھی نہیں گئی۔شانزے منہ پھلا کر کہا۔میری جان ڈیٹ پہ تو سب جاتے ہیں ہم انشاءاللہ حج پہ جائے گے۔ شجاع نے اس کا ہاتھ تھام کر بتایا شانزے کو اپنے پہ رشک آنے لگا قسمت اس پہ کس قدر مہربان تھی زندگی میں صرف پیار ہی ملا تھا اس نے کبھی کسی کا برا نہیں سوچا تھا اس کے ساتھ برا ہوا بھی نہیں اور بات تو سچ کہیں ہے جس نے بھی کہیں سچی محبت تو ہر مشکل کے بعد بھی مل جاتی ہے۔اور شانزے اور شجاع نے اپنی زندگی میں بہت سی مشکلیں دیکھی اور آخر قسمت نے انہیں علیحدہ نہ کیا۔

Posted On Kitab Nagri

اب سو جائیں جان۔ شجاع نے پوچھا۔ نہیں باتیں کرنی ہیں۔ شانزے نے کہا تو شجاع مسکرایا۔ حلیمہ کہاں گئی۔ شانزے نے پوچھا۔ اللہ کے پاس۔ شجاع نے بتایا۔ شجاع سچ بتاؤ۔ شانزے نے کہا۔ یار واقع انہیں پھانسی ہو گئی۔ شجاع نے بتایا۔ تم نے اپنے ڈیڈ کا بدلہ لے لیا۔ شانزے کو خوشی ہوئی۔ ڈیڈ کے ساتھ ساتھ تمہارا بھی۔ شجاع نے بتایا۔ شانزے مسکرائی۔ شجاع میں تمہیں اس دن کتنا مس کر رہی تھی جانتے ہو۔ شانزے نے بتایا۔ ہاں اتنا مس کر رہی تھی وارڈروب پہ لکھ رہی تھی آئی مس یو شجاع۔ شجاع نے یاد دلایا۔ شانزے کو یاد آیا تو اپنی حرکت پہ ہنسی

ہاں تو تم نے ہی پاگل کر دیا مجھے اپنی محبت۔ شانزے نے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔ میں نے تو کہا تھا ایک دن پاگلوں کی طرح چاہیں گی آپ ہمیں مسز شجاع۔ شجاع نے چہرہ اس کے قریب کیا۔ بٹ آئی ہیٹ یو۔ شانزے نے ہنستے ہوئے کہا۔ کہ لو مگر میں تم سے صرف محبت ہی کروں گا لوگ مجھے مجنوں کہنے لگ گئے ہیں۔ شجاع نے بتایا ۔شانزے ہنسی۔ شجاع اسے دیکھنے لگا۔ پتہ ہے کتنی۔ دیر ہو گئی ہے ہمیں یوں بیٹھے۔ شجاع نے کہا۔ تو مہینے بعد ہم ساتھ بیٹھے ہیں اور اب ہم کبھی علیحدہ نہیں ہوں گے۔ شانزے نے بتایا۔ انشاءاللہ۔ شجاع نے بتایا۔ شانزے مسکرائی

۔واقع شجاع میں تمہاری پہلی اور آخری محبت ہوں۔ شانزے نے پوچھا۔ کوئی شک۔ شجاع نے اس کی آنکھوں میں دیکھا شانزے نفی میں سر ہلایا۔ یقین ہے مجھ پہ۔ شجاع نے پوچھا۔ بہت زیادہ۔ شانزے نے بتایا۔ شجاع

Posted On Kitab Nagri

مسکرایا۔بس ایک بات اچھی نہیں لگی تمہاری۔شجاع نے بتایا۔کیا۔شانزے نے پوچھا۔برہان کے ساتھ فرینک ہونا۔شجاع نے یاد دلایا۔سوری۔شانزے نے پیار سے سوری بولا۔

میں نہیں مان رہا۔شجاع نے کہا۔پھر کیسے مانو گے۔شانزے ابھی بھی اسی کو دیکھ رہی تھی جب شجاع نے اپنے لب شانزے کے لب پہ رکھیں شانزے سٹپٹا گئی۔ایسے۔کس کرنے کے بعد پیچھا تو بولا۔بہت برے ہو تم۔شانزے خفگی سے بولی۔اب جیسا بھی ہوں تمہارا ہی ہوں۔شجاع نے ہنستے ہوئے کہا شانزے بھی مسکرائی۔

ایک منٹ ایک۔چیز لایا تھا تمہارے لیے۔شجاع نے کہتے ساتھ دراز سے ڈبی نکالی شانزے اسے دیکھ رہی شجاع نے ڈبی کھول کر شانزے کی طرف بڑھائی شانزے نے اسے دیکھا۔بہت پیارا ہے۔شانزے نے کہا۔تو شجاع مسکرایا۔دیکھاو پہنا دوں۔شجاع نے کہا تو شانزے نے اپنے بال آگے کیا شجاع نے لاکٹ پہنایا۔اور بھی حسین ہو گیا ہے شجاع نے بولا تو شانزے نے اپنے ہونٹ لاکٹ پہ رکھے۔شجاع شانزے ہمیشہ ساتھ رہیں گے۔شانزے نے بولا تو شجاع مسکرایا اور اپنے لب اس کے ماتھے پہ رکھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا ہوا کیا شانزے کو سب یاد آ گیا۔نعیمہ شانزے کو نہ پا کر پوچھنے لگی۔جی سب یاد آ گیا ہے۔ذوالفقار نے خوش ہوتے ہوئے بتایا۔یا اللہ تیرا لاکھ لاکھ شکر ہے میری بیٹی ٹھیک ہو گئی۔انہوں نے دل سے شکر ادا کیا تیمور اور ہانیہ بھی خوش ہوئے۔

Posted On Kitab Nagri

کیا ہوا تم یہاں ایسے کیوں بیٹھی ہو۔ تیمور نے پوچھا۔ شانزے بہت یاد آ رہی ہے۔ ہانیہ نے بتایا۔ بیگم ایسی کیا بات ہے ہم آپ کی یادیں ابھی دور کر دیتے کہتے ساتھ اسے باہوں میں اٹھایا اور بیڈ پہ لٹایا۔ تیمور ہانیہ حیران ہوئی۔ ششششش۔ تیمور نے اس کے ہونٹوں پہ انگلی رکھی اور لائٹ آف کر دی۔ سب لوگ اپنے گھر میں خوش تھے

تین مہینے بعد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آج برہان کی مہندی کی مہندی سب مہندی کے لیے تیار تھے شانزے پیلے کلر کے فراک میں بالوں کی چٹیاں بنائے لائٹ سے میک اپ بہت حسین لگ رہی تھی شجاع تو بس اسے ہی دیکھ رہا تھا۔ ہانیہ نے گرین کلر کا فراک پہنا تھا شانزے اور ہانیہ کا ڈریس سیم تھا ہانیہ کے گھر بھی خوشخبری تھی دو مہینے پہلے اللہ نے اسے اس خوشخبری سے نوازا تھا۔

برہان وائٹ شلوار قمیض میں تھا ساتھ زرتاشہ بیٹھی۔ نین نقش کی ٹھیک کلر گندمی مگر بری نہیں لگتی تھی لائٹ سے میک اپ مہندی کلر کے لہنگے میں پیاری لگ رہی تھی سب نے مہندی کی رسم ادا کی اور دعائیں دی۔ آج تیرہ سال بعد ان کو ان۔ کی محبت مل رہی تھی اور دونوں کے چہرے پہ خوشی دیکھ رہی نیلو فر بھی خوش تھی کہ

Posted On Kitab Nagri

آج اس نے اپنی آنکھوں سے دونوں بیٹوں کی شادی ہوتی دیکھی ہے اور اب وہ زوبیہ کے ساتھ بہت پیار سے رہتی تھی

۔پیاری لگ رہی ہو۔ برہان نے اسے کہا۔ احسان مانو کہ میں نے تمہارا انتظار کیا ہے میری جگہ کوئی بھی ہوتی تو کب کی جا چکی ہوتی اب قدر کرنا۔ زرتاشہ نے احسان کرنے والے انداز میں کہا۔ جیسا کہیں آپ۔ برہان نے بولا تو وہ مسکرائی۔ مہندی ہو گئی تھی اور آج برات تھی۔

شانزے پیچ کلر کی کام واکی شرٹ پہنے بالوں کو کھولے لائٹ سے میک اپ ہونٹوں پہ مہرون رنگ کی لپسٹک اس کے سراپے کو مزید حسین بنا رہی تھی وہ گرے کلر کے کرتے میں بالوں کو جل سے سیٹ کیے ہلکی بیئرڈ بہت ڈیشنگ لگ رہا وہ ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی کانوں میں ٹاپس پہن رہی تھی جب شجاع آیا اور اسے پیچھے سے حصار میں لیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حسن تو آپ پہ ختم ہوتا ہے جان۔ شجاع محبت بھرے لہجے میں بولا۔ شانزے مسکرائی۔ اچھا جی وہ کیسے شانزے نے رخ اس کی جانب موڑا شانزے ڈریسنگ ٹیبل سے لگی تھی شجاع اس کے بلکل قریب تھا۔ بتاؤ۔ شجاع نے کہا۔ شانزے نے اثبات میں سر ہلایا۔ پہلی نظر میں آپ کی معصومیت پہ فدا ہو گیا دوسری نظر پہ آپ کی باتوں پہ مر مٹا تیسری نظر آپ کی مسکراہٹ پہ دیوانہ ہو گیا اور پھر میں نے آپ کو اپنی زندگی اپنی جان بنا دیا۔ شجاع نے جذبات سے بولا تھا اور شانزے مسکرا رہی تھی۔ اب تین ہی ورڈز ہیں وہ بھی کہہ دیں۔ شانزے نے بتایا۔

Posted On Kitab Nagri

آئی لویو میری جان میری زندگی۔ شجاع نے اس کی آنکھوں میں دیکھ کر کہا۔ ٹھیک ہے اب جائیں مجھے تیار ہونا ہے۔ شانزے نے بولا تو شجاع نے حیرت سے اسے دیکھا شانزے شجاع کے فیس ایکسپریشن پہ ہنسی آئی۔ اچھا آئی لو ٹو شانزے کی جان۔ شانزے نے بھی پیار سے جواب دیا شجاع کے چہرے پہ مسکراہٹ۔

آہاں اب جان ہو گیا ہو آپ کی۔ شجاع نے شوخ انداز میں بولا۔ بہت برے ہیں۔ شانزے نے خفگی سے دیکھا۔ شجاع ہنستے ہوئے چلا گیا شانزے بھی اپنا عکس مرر میں دیکھتی کمرے سے باہر آئے۔ سب لوگ بہت پیارے لگ رہے تھے مولوی صاحب آچکے تھے۔ برہان ولد وسیم۔ خان آپ کا نکاح زرتاشہ ولد فرمان شیخ سے حق مہر دو تولے سونا قبول ہے۔ مولوی نے پوچھا۔ قبول ہے۔ اس نے جواب۔ دیا زرتاشہ سے بھی پوچھا اس نے بھی ہامی بڑھی بالآخر آج وہ ایک ہوں گئے تھے سب خوش تھے ان دونوں کے لیے اور دعائیں دی تھی۔

پانچ سال بعد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہانیہ اور تیمور کے ہاں بیٹی ہوئی جو ساڑھے چار سال کی تھی اس کا نام دعا رکھا تھا وہ بلکل شانزے کی طرح تھی شکل میں بھی حرکتوں میں ذوالفقار صاحب کی جان بستی تھی اس میں نعیمہ کا اسے دیکھا بغیر دن ہے نہیں گزرتا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

کہاں رکھ دیے جوتے۔ ذوالفقار صاحب عینک لگا کر ڈھونڈنے لگے۔ دادو یہ۔ دعا جوتے اٹھاتی ان کے پاس۔ میری جان اللہ تمہیں ہمیشہ خوش رکھے۔ ذوالفقار نے اس کا ماتھا چوما وہ مسکرائی۔ دعا میری جان آپ نے دادو کی عینک دیکھی ہے۔ نعیمہ نے پوچھا۔ وہ ہاں میں سر ہلاتی کچن کی شلیف پلسے لے کر آئی۔ یہ لیں۔ دعا نے ان کے ہاتھ میں پکڑا یا تھا۔ شکریہ میری شہزادی مما کہاں ہیں۔ نعیمہ نے پوچھا۔ کام کر رہی۔ دعا نے بتایا۔ اچھا۔ انہوں نے بولا۔

تبھی تیمور اور ہانیہ پہنچے۔ مام ڈیڈ۔ کہتے ان کی طرف بھاگی تیمور نے اسے گود میں اٹھایا وہ اتنی سی عمر میں بہت کیرنگ تھی سب کی۔ کیئر کرتی تھی جس وجہ سے سب اس سے بہت پیار کرتے تھے شانزے تو اپنے بچوں سے زیادہ دعا کو پیار دیتی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ لان میں کرکٹ کھیل رہے۔ شجاع اور شانزے کے پانچ سال کا بیٹا جس کا نام شہان تھا اور بلکل شجاع پہ گیا تھا ساری حرکتیں وہی شوق سب شجاع پہ تھے شہان کے پیدا ہونے کے بعد شجاع شانزے کو حج پہ لے گیا تھا

اور ڈھائی سالہ بیٹی عبیر وہی سائیڈ پہ کھڑی مسکراتے ہوئے تالیاں بجا رہی تھی اور یہ سب سے مختلف تھی ضدی تھی لیکن وہ بچی بہت پیاری۔ عبیر میری جان آپ اندر آجائیں بال لگ جائیں گی۔ شانزے نے کہا جو پیٹ سے تھی چوتھا مہینہ بہت جلد ان کے گھر ایک۔ اور مہمان کی آمد تھی۔ نو۔ غصے سے کہتی تالیاں بجانے لگی۔ ڈیڈو ڈیڈو۔ وہ شجاع کو پکارنے لگی شجاع اسے دیکھ کر مسکرایا۔

Posted On Kitab Nagri

شجاع آپ کیوں نہیں اس کو اندر آنے کا کہہ رہے ہیں اس کو لگ جائے گی میں خود تو آ نہیں سکتی آپ لے آئیں۔شانزے خفا ہوئی۔اچھا اچھا غصہ کیوں ہوتی ہو عبیر ڈیڈو کی جان مما کی بات مان لیں اندر چلیں۔شجاع نے پیار سے کہا فوراً آگئی۔شہان آپ بھی آجائیں فروٹس کٹ ہوئے ہوئے ہیں۔شانزے کہتی آہستہ آہستہ قدم اٹھاتی اندر آئے۔

چلو پہلے فروٹس کھالو باقی کل کھیلیں گے۔شجاع نے کہا تو وہ اثبات میں سر ہلاتا اندر آیا۔وہ فروٹس کھا رہا تھا اور عبیر کارٹون دیکھ رہی تھی۔

شجاع نے شانزے کو کمرے سے پکڑ کر قریب کیا۔شانزے نے آنکھیں دیکھائی۔بیوی ہیں آپ میری یوں آنکھیں نہ دیکھایا کریں۔شجاع نے ہلکی آواز میں کہا۔بچے کیا سوچیں گے پیچھے ہو۔شانزے نے بولا۔تو کمرے میں چلتے ہیں۔شجاع نے ہنستے ہوئے کہا۔

ڈیڈ مام آپ لوگ روم میں چلے جائے ایسے شرم آرہی ہے مجھے۔شہان نے آنکھوں پہ ہاتھ رکھتے ہوئے کہا ۔شجاع ہنسا۔چپ کرو شرارتی نہ ہو تو۔شانزے فوراً دور ہٹو شجاع اور شہان ہنسے اور عبیر کے چہرے پہ شرمیلی مسکراہٹ آئی۔۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وسیم اور زوبیہ کا بھی ساڑھے چار کا بیٹا احرام نام تھا کافی سلجھا ہوا بہت کم گو بچہ تھا سیرت کے لحاظ سے باپ پہ اور صورت ماں پہ گئی تھی نیلوفر کی سب سے زیادہ دل اس کے ساتھ ہی تھی وہ ہمیشہ کلاس میں فرسٹ آتا زیادہ زیادہ ٹائم پڑھائی کو دیتا تھا وسیم تو بہت خوش ہوا تھا۔

احرام بیٹا شہان کی کال کیوں نہیں پک کر رہے۔ شہان اور احرام اچھے دوست تھے۔ میں نے تھیلنے نہیں جانا پیپر میرا۔ اس نے بتایا۔ اوکے ٹھیک ہے۔ وہ کہتے چلے گئے۔ برہان اور زرتاشہ کی ایک سال کی بیٹی لاریب بہت پیاری اور معصوم تھی زیادہ تر اکیلی رہتی تھی عبیر سے بہت اچھی بنتی تھی اس لیے جب وہ آتی تب ہی بولتا ورنہ ایک سائیڈ پہ خاموش بیٹھی رہتی۔

ذوالفقار صاحب اور نعیمہ اللہ کا شکر ادا کیا آج تینو بچے اپنی زندگیوں میں خوش ہیں اور تینوں کو اچھے جیون ساتھی مل گئے ہیں ہانیہ کو اب ماں کی کمی محسوس نہ ہوتی تھی کیونکہ نعیمہ اسے بلکل بیٹیوں کی طرح رکھتی تھی اس لیے اب سب خوش تھے اللہ جو بھی کرتا ہے بہترین کرتا ہے وہ سب پہلے سے ایک دوسرے کے نصیب میں لکھ دیے گئے تھے اور آج وہ خوش اور ساتھ تھے۔۔۔۔۔۔

اختتام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com